48489 ـ خاوند کے علم کے بغیر جنسی طاقت کی دوائی کھلانا

سوال

مجھے ازدواجی تعلقات کی حاجت ہے، لیکن میرا خاوند جنسی کمزوری کا شکار ہے، میں نے اسے علاج کرانے پر مائل کرنے کی کوشش کی لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا، تو کیا میں خاوند کے علم کے بغیر کھانے میں جنسی طاقت کی دوائی ملا کر کھلا سکتی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے اس مسئلہ کے بارہ میں اپنے استاد عبد الرحمن البراك سے دریافت کیا تو ان کا جواب تھا:

بیوی کو ایسا کرنے کا حق نہیں، اور اگر وہ برداشت نہیں کر سکتی تو اس کے لیے خاوند سے طلاق طلب کرنا جائز ہے.

واللہ اعلم.